بسم اللہ الرحمن الرحیم

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ٹیلیفون نمبر ۳۹۶۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل لاہور

تار کا پتہ :- ڈیلی الفضل لاہور

فی پرچہ ۲ آنہ

یوم :- چہارشنبہ ۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۷۴ھ

جلد ۴۳/۸ * ۱۵ فتح ۱۳۳۳ھش * ۱۵ دسمبر ۱۹۵۴ء * نمبر ۲۲۶

سلسلہ احمدیہ کی خبریں

ربوہ ۱۳ دسمبر۔ مکرم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب مطلع فرماتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے گردے میں درد ہے۔ احباب اپنے پیارے امام کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درد دل سے دعائیں جاری رکھیں۔

ربوہ ۱۳ دسمبر۔ مکرم و محترم خانصاحب مولوی فرزند علی صاحب ناظر بیت المال کو (جن پر فالج کا حملہ ہوا تھا) پہلے سے بہت افاقہ ہے اور آپ اب سہارا لے کر چند قدم چل سکتے ہیں۔ احباب آپ کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے درد دل سے دعا جاری رکھیں۔

حادثہ جھمپیر کے ۱۳۷ دعاوی میں سے ایک سو سینتیس دعاوی کا تصفیہ کر دیا گیا

لاہور ۱۴ دسمبر۔ اس سال کے شروع میں جھمپیر کے مقام پر ریلوے کے حادثہ میں جن لوگوں کا نقصان ہوا اس سلسلہ میں ایک سو چھپن دعاوی پیش کئے گئے تھے ان میں سے ایک سو سینتیس کا تصفیہ کر دیا گیا ہے۔ آج نارتھ ویسٹرن ریلوے کی طرف سے ایک پریس نوٹ شائع کیا گیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ آٹھ دعاوی کی تفصیلات چونکہ مکمل نہیں ہیں۔ اس لئے ان کا تصفیہ نہیں کیا جا سکا۔ آٹھ دعاوی تصدیق نہ ہونے کی وجہ سے فیصلہ کے بغیر پڑے ہیں۔ تین دعاوی ستمبر اور اکتوبر میں پیش کئے گئے تھے۔ ان پر غور کیا جا رہا ہے۔

گورنروں اور وزرائے اعلیٰ کی کانفرنس نے مغربی پاکستان کو ایک یونٹ بنانے کا اتفاق رائے سے فیصلہ کر لیا

کانفرنس نے ایک یونٹ کے مجوزہ صوبے کے انتظامی ڈھانچے کے متعلق ماہرین کی کمیٹی کی سفارشات پر غور کرنا شروع کر دیا

کراچی ۱۴ دسمبر۔ آج کراچی میں گورنروں ریاستی حکمرانوں صوبائی وزرائے اعلیٰ اور مرکزی وزراء کی کانفرنس شروع ہوئی۔ جس میں مغربی پاکستان کو ایک صوبہ بنانے کا اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا۔ گورنر جنرل نے کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اور وزیر اعظم مسٹر محمد علی نے صدارت کی۔ کانفرنس نے ایک یونٹ کے مجوزہ صوبے کے انتظامی ڈھانچے کے متعلق ماہرین کی کمیٹی کی سفارشات پر غور کرنا شروع کیا۔ کل اس کمیٹی کا پھر اجلاس ہو گا۔ جمعہ کو کانفرنس کے مکمل اجلاس میں اس کمیٹی کی رپورٹ پیش کی جائے گی۔ کانفرنس میں چھبیس نمائندے شریک ہوتے اور اس کا اجلاس ڈھائی گھنٹے تک جاری رہا۔

سندھ چیف کورٹ میں مسٹر فیاض علی کے دلائل

کراچی ۱۴ دسمبر۔ آج سندھ چیف کورٹ میں ایڈووکیٹ جنرل مسٹر فیاض علی نے دستور ساز اسمبلی کو توڑنے کے متعلق گورنر جنرل کے اختیارات کے بارہ میں اپنے دلائل جاری رکھے۔ انہوں نے کہا۔ قانون آزادی ہند کے سیکشن ۵ میں موجودہ نظم و نسق میں گورنر جنرل کو بادشاہ کی نمائندگی کے اختیارات دئے گئے تھے۔ اس کی رو سے دستوریہ کا اجلاس طلب کرنے غیر معینہ عرصہ تک ملتوی کرنے اور توڑنے کا شاہی اختیار بھی گورنر جنرل کو دیا گیا تھا۔

مسٹر فیاض علی نے زور دیا کہ قانون ۱۹۳۵ء کو قانون آزادی ہند ۱۹۴۷ء سے الگ رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ ۱۹۴۷ء کے قانون میں بعض ایسے اختیارات ہیں جو قانون ۱۹۳۵ء میں نہیں۔

عوامی لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس

کراچی ۱۴ دسمبر۔ آج کراچی میں عوامی لیگ کی مجلس عاملہ میں ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں حسین شہید سہروردی کو موجودہ سیاسی صورت حال سے نپٹنے کے پورے اختیارات دئے گئے ہیں۔

مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس

کراچی ۱۴ دسمبر۔ جمعرات کو وزیر اعظم مسٹر محمد علی کی قیام گاہ پر پاکستان مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا ہنگامی اجلاس ہو گا۔

انڈونیشیا کا ہالینڈ پر الزام

جکارتا ۱۴ دسمبر۔ انڈونیشیا نے ہالینڈ پر الزام لگایا ہے کہ وہ ملکانہ کے نام نہاد باغیوں کو اسلحہ فراہم کر کے انڈونیشیا میں گڑبڑ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

مغربی یورپ میں ایک سو تیس ہوائی اڈے

پیرس ۱۴ دسمبر۔ پیرس میں اعلان کیا گیا ہے۔ کہ موجودہ سال ختم ہونے تک شمالی اوقیانوس کے ادارے کے تحت ایک سو تیس ہوائی اڈے تیار ہو جائیں گے۔ ان ہوائی اڈوں پر جدید طرز کے لڑاکا ہوائی جہاز ٹھہر سکیں گے۔

ترقیاتی بورڈ کا اجلاس

کوئٹہ ۱۴ دسمبر۔ کل مستونگ میں بلوچستان ریاستی یونین کے ترقیاتی بورڈ کے زیر اہتمام ایک اجلاس ہوا۔ جس میں معیار کارکردگی کو بہتر بنانے کی تدبیروں پر غور کیا گیا۔ اس اجلاس میں دور دراز کے علاقوں کو ترقی دینے۔ چراگاہوں اور ذرائع آمد و رفت کو بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔

پاکستان اور دولت مشترکہ کے درمیان تجارت

لندن ۱۴ دسمبر۔ دولت مشترکہ کی اقتصادی ترقی کی کمیٹی نے دولت مشترکہ کی ۱۹۵۳-۵۴ء کی تجارت کا ایک جائزہ شائع کیا ہے۔ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس سال میں پاکستان نے ایک ارب پچیس کروڑ ساٹھ لاکھ روپے کا سامان برآمد کیا۔ اس میں سے چوالیس کروڑ ستر لاکھ کا سامان دولت مشترکہ کے ممالک کو اور بائیس کروڑ پچاس لاکھ روپے کا سامان برطانیہ کو بھیجا گیا۔ اس عرصہ میں برطانیہ نے تینتیس کروڑ چالیس لاکھ روپے کی مالیت کا سامان پاکستان بھیجا

وزیر اعظم انڈونیشیا کے خلاف قرارداد عدم اعتماد

جکارتا ۱۴ دسمبر۔ جکارتا میں آج رات انڈونیشی پارلیمنٹ کا ایک اجلاس ہو رہا ہے جس میں وزیر اعظم علی ساسترو امی جوجو کی کابینہ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پر بحث ہو گی۔

مراکش کے متعلق قرارداد پر غور نہیں ہو گا

نیویارک ۱۴ دسمبر۔ اقوام متحدہ کی بڑی سیاسی کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ فی الحال مراکش کے سوال پر جو قرارداد پیش کی گئی ہے۔ اس پر غور کیا جائے۔ پاکستان۔ ہندوستان۔ برما اور انڈونیشیا نے قرارداد کی حمایت کی تھی۔

تین اخوان کو موت کی سزا

قاہرہ ۱۴ دسمبر۔ آج قاہرہ میں مصری عدالت نے اخوان المسلمون کے تین اور لیڈروں کو حکومت کے خلاف سازش کرنے کے الزام میں موت کی سزا سنا دی۔

کولمبو منصوبے کے فنڈ میں کینیڈا کی زیادتی

اوٹاوہ ۱۴ دسمبر۔ کینیڈا نے اگلے سال کے لئے کولمبو منصوبہ کے فنڈ میں دس لاکھ ڈالر زائد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس طرح کولمبو منصوبہ میں کینیڈا کا حصہ دو کروڑ چھپن لاکھ ڈالر ہو جائے گا۔

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے پاکستان ٹائمز پریس میں طبع کرا کر ۳۔ میکلیگن روڈ لاہور سے شائع کیا

ایڈیٹر روشن دین تنویر

اخبار ربوہ

(۱)

مورخہ ۲ ردسمبر ۱۹۵۵ء کو صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب سابق نائب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے اعزاز میں الوداعی پارٹی دی گئی۔ جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے بھی شرکت اختیار فرمائی۔

معتمد صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے ایڈریس پیش کیا۔ جس میں صاحبزادہ صاحب موصوف کی خدمات کو سراہا اور آپ کے زمانہ کے مخصوص اور چیدہ چیدہ واقعات کا ذکر کیا گیا۔ ایڈریس کا جواب دیتے ہوئے صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب نے فرمایا۔ کہ جن واقعات کا ذکر کیا گیا ہے وہ دراصل اللہ تعالےٰ کی خاص تائید اور نصرت کے سبب سے ہی رونما ہوتے رہے ہیں۔ اللہ تعالےٰ کے وعدہ ينصرك رجال نوحي اليهم من السماء کا مشاہدہ میں نے بارہا کیا ہے۔ ہمیشہ ہی اللہ تعالےٰ ایسے افراد بہم پہنچاتا رہا ہے۔ جو عواقب سے بے پرواہ ہو کر اپنے آپ کو جان جوکھوں میں ڈال کر مفوضہ فرائض سرانجام دیتے رہے ہیں۔

پس حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ خود ہی ہمارے کام کر رہا ہے۔ ہمیں صرف ہمت اور ارادہ کی ضرورت ہے۔ بالآخر جذبات محبت کا کہ جن کا ایڈریس میں ذکر کیا گیا تھا شکریہ ادا فرمایا۔

اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے تقریر شروع کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے خدام کا قیام اس غرض کے لئے کیا تھا کہ نوجوانوں کو مغربیت کے اثر سے بچایا جائے۔ اور جوانی کے ایام کی گمراہ کرنے والی خواہشات اور کششوں سے دور رکھا جائے۔ اس کی وضاحت فرماتے ہوئے آپ نے باغ کی مثال دی کہ ایک باغ ہے کہ جو کئی سالوں تک بوجہ عدم حفاظت کے نقصان کا موجب تھا۔ ایک باغبان کی صحیح حفاظت کی وجہ سے اور طوطوں اور پرندوں کو دور رکھنے کے سبب سے کثیر منافع کا موجب ہوا۔ بعینہٖ اسی طرح نوجوانوں کی زندگی ہے۔ نوجوانی کا پھل تو ضرور لگتا ہے۔ مگر ضرورت ہے کہ اس پھل کو محفوظ رکھا جائے اور اس کی کما حقہٗ حفاظت کی جائے۔ اور اس غرض کو پورا کرنے کے لئے خدام الاحمدیہ کو وجود میں لایا گیا ہے۔ نیز فرمایا کہ خدام الاحمدیہ کو ایک چارٹ بنانا چاہیئے کہ جس کی رو سے ان کا سالانہ ترقی یا تنزل کا پتہ لگ سکے تاکہ اسے دیکھ کر آئندہ کے لئے صحیح پروگرام اور ضروری ذرائع تجویز کئے جا سکیں۔ ترقی یافتہ قومیں ہمیشہ اپنے اعداد و شمار کا لحاظ رکھتی ہیں۔ نیز فرمایا کہ انصار اللہ کے ممبران کہ جو چالیس سالہ عمر کے بعد اپنی عمر کے اہم حصہ میں داخل ہوتے ہیں ان کو بھی چاہیئے کہ عمر کی پختگی اور تجربہ کی بناء پر اعلیٰ کام کر کے دکھلائیں اور اپنے اندر جوش پیدا کریں۔ بالآخر حضور نے دعا فرمائی اور یہ اہم تقریب ختم ہوئی۔

۲

ربوہ ۵ ردسمبر۔ آج مکرم لطف الرحمٰن صاحب شاکر ابن مکرم مولوی عبدالرحمٰن صاحب انور پرائیویٹ سکرٹری حضرت اقدس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز) کی دعوت ولیمہ ہوئی۔ جس میں حضور ایدہ اللہ نے بھی شرکت فرمائی۔ مکرم لطف الرحمٰن صاحب کا نکاح ۸ ارنومبر کو مکرم قاضی محمد رشید صاحب وکیل المال تحریک جدید کی صاحبزادی مکرمہ حلیمہ نزہت صاحبہ سے حضور ایدہ اللہ نے پڑھا تھا۔ اور تقریب رخصتانہ ۳ ردسمبر کو بعد نماز عصر عمل میں آئی۔ تقریب رخصتانہ میں بھی حضور ایدہ اللہ نے شرکت فرما کر دعا فرمائی تھی۔

احباب دعا فرما دیں کہ اللہ تعالےٰ اس رشتہ کو بابرکت کرے۔

ربوہ۔ ۴ ردسمبر۔ آج مکرم صوفی محمد ابراہیم صاحب ہیڈ ماسٹر تعلیم الاسلام ہائی سکول کی صاحبزادی کا رخصتانہ ہوا۔ جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے شمولیت فرمائی اور جملہ حاضرین سمیت دعا فرمائی۔

(۳)

ربوہ ۱۰ ردسمبر۔ آج بعد نماز جمعہ اہالیان ربوہ کا ایک اجتماع مسجد مبارک میں ہوا۔ جس میں مکرم عبدالشکور صاحب کنزے اور مکرم رشید احمد صاحب امریکن کو اہالیان ربوہ کی طرف سے الوداع کہا گیا۔

تلاوت و نظم کے بعد مولوی ابوالمنیر نورالحق صاحب پروفیسر جامعۃ المبشرین نے مکرم عبدالشکور صاحب اور مکرم رشید احمد صاحب کی خدمت میں ایڈریس پیش کرتے ہوئے بتایا کہ

یہ ہمارے بھائیوں کی خوش قسمتی ہے کہ ان کو اسلام جیسی نعمت عظمیٰ کو حاصل کرنے کی توفیق ملی۔ اور پھر احمدیت کے مرکز ربوہ میں پہنچ کر اسلامی تعلیم کے مطالعہ کا موقع ملا۔ پھر ایک ایسے وجود سے ملنے اور ان کی صحبت سے فیض یاب ہونے کا موقعہ ملا۔ جو اس زمانے میں خدا تعالےٰ کی ہستی۔ آنحضرت صلعم کی صداقت اور حضرت مسیح موعود کے سچے ہونے کا زندہ نشان ہے۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو جس نعمت سے نوازا ہے۔ اس سے آپ کے ملک والوں کو بھی نوازے۔

اس کے بعد مکرم عبدالشکور صاحب کنزے نے انگریزی میں تقریر کی۔ اور تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد مکرم چوہدری فتح محمد صاحب نے صدارتی تقریر فرمائی۔ دعا پر جلسہ برخواست ہوا۔

(۴)

ربوہ ۱۰ ردسمبر آج چناب ایکسپریس پر جماعت احمدیہ انڈونیشیا کے وائس پریذیڈنٹ مکرم داؤدین ہدایت صاحب ربوہ پہنچے۔ اسٹیشن پر کثرت سے احباب پہونچے ہوئے تھے۔ احباب نے ان کا استقبال کیا۔ اور داؤدین ہدایت صاحب نے سب دوستوں سے مصافحہ کیا۔

ربوہ ۱۱ ردسمبر آج صبح پونے ۹ بجے چناب ایکسپریس پر مکرم عبدالشکور صاحب کنزے جرمنی جانے کے لئے روانہ ہوئے۔ عبدالشکور صاحب کنزے آج سے چھ برس قبل اسلامی تعلیم کے حصول کے لئے پاکستان تشریف لائے تھے۔ اہالیان ربوہ کے جم غفیر نے اسٹیشن پر ان کو الوداع کہا۔ حضرت اقدس ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز بھی اسٹیشن پر تشریف فرما ہوئے۔ اور آپ نے دعا فرمائی۔ اور عبدالشکور صاحب کنزے کو معانقہ کا شرف بخشا۔ گاڑی نعروں کے درمیان روانہ ہوئی دعا ہے کہ ہمارے بھائی کا سفر خیریت و سلامتی سے طے ہو۔ اور ہر حال نصرت الٰہی ان کے شامل حال ہو

ربوہ ۱۱ ردسمبر۔ جامعۃ المبشرین نے اپنے دو غیر ملکی طالبعلموں مسٹر عبدالشکور کنزے اور رشید احمد صاحب امریکن کے امریکہ جانے پر دونوں کو الگ الگ الوداعی پارٹی دی۔ مؤخرالذکر موقعہ پر داؤدین ہدایت صاحب آف انڈونیشیا نیز حنیف یعقوب صاحب ٹرینیڈاڈ کو مرکز میں زیارت اور دینی تعلیم کے لئے آنے پر خوش آمدید کہا گیا۔ اس دعوت میں رشید احمد صاحب امریکن اور باقی اصحاب نے مختصر تقاریر کیں اور شکریہ ادا کیا۔ پرنسپل جامعۃ المبشرین نے دونوں موقعوں پر مختصر نصائح کیں۔ آخر میں جناب مولوی علی احمد صاحب ایم اے صدر جلسہ نے دعا فرمائی۔

ربوہ ۱۱ ردسمبر۔ آج چناب ایکسپریس پر مکرم شیخ ناصر احمد صاحب مبلغ یورپ سے اور مکرم ملک مبارک احمد صاحب ملک شام سے کامیاب واپس آئے۔ سٹیشن پر احباب کا خاصہ ہجوم تھا۔ صدر انجمن احمدیہ اور تحریک جدید کے ناظر اور وکلاء صاحبان بھی استقبال کے لئے موجود تھے۔ ہر دو صاحبان نے جملہ احباب سے مصافحہ کیا۔

ربوہ ۱۲ ردسمبر۔ آج چناب ایکسپریس کے ذریعہ مکرم مسٹر رشید احمد صاحب امریکن مع اہل و عیال امریکہ روانہ ہوئے۔ احباب جماعت کی بہت بڑی تعداد آپ کو الوداع کہنے کے لئے سٹیشن پر حاضر تھی۔ آپ نے سب سے مصافحہ کیا۔ مکرم مولانا ابوالعطاء صاحب نے تمام احباب سمیت دعا فرمائی۔ اور گاڑی نعرہ ہائے تکبیر کے درمیان کراچی روانہ ہو گئی۔

اللہ تعالےٰ ہمارے اس بھائی کو بھی خیریت سے رکھے اور دین کی بہترین خدمت کی توفیق بخشے۔ آمین (نامہ نگار)

روزنامہ الفضل لاہور

مورخہ ۱۵ دسمبر ۱۹۵۴ء

قابلِ غور

کل ہم نے ان کالموں میں کہا تھا کہ مصر میں جو کچھ ہوا ہے۔ اس سے تمام اسلامی ممالک کو عبرت حاصل کرنا چاہیئے۔ اور کہ بعض عناصر بجائے ان جانگداز واقعات سے عبرت حاصل کرنے کے انہیں اپنی دوکان چمکانے کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔

مصر ایک اسلامی ملک ہے۔ اور جس کے دل میں ذرا سا بھی اسلام اور مسلمانوں کی موجودہ بری حالت کا احساس ہے وہ ان واقعات سے ضرور دردمند ہوگا۔ لیکن یہ کسی طرح جائز نہیں ہے کہ ان واقعات کو کوئی جماعت کسی اسلامی ملک میں بے چینی پیدا کر کے اپنی مطلب براری کرنے کی کوشش کرے اور اسکو ملک کے عوام اور حکومت کے مابین ایک ناقابل عبور خلیج کھودنے کا ذریعہ بنائے۔

جو کچھ مصر میں ہوا ہے وہ دردناک ہی نہیں ہے بلکہ دنیا میں اسلامی ممالک کی ہوا اکھاڑنے کے علاوہ اسلام کو بھی سخت بدنام کرنے والا ہے۔ یہ کہنا کہ مصری حکومت نے اخوان المسلمون کے ساتھ جائز سلوک نہیں کیا خواہ درست ہو یا نادرست۔ مگر یہ حقیقت ہے کہ جو کچھ مصر میں ہوا ہے خواہ اس میں اخوان حق بجانب ہوں یا مصری حکومت مسلمانوں کے درمیان ایسا تصادم بذات خود ایک پرلے درجے کا قابل اعتراض واقعہ ہے اور ہر دردمند اور سوچنے والے مسلمان کا فرض ہے۔ کہ اس واقعہ پر تعصب اور جانبداری سے بلند ہو کر غور کرے۔ اور ایسی تدابیر و تجاویز سوچے جس سے اسلامی ممالک میں ایسے واقعات کی ہمیشہ کے لئے روک تھام ہو جائے۔

سچی بات یہ ہے کہ اگر ہم اپنے ہی مرغوب نظریات کی عینک لگا کر ایسے واقعات کو دیکھیں گے۔ تو ہم کسی صحیح نتیجہ پر نہیں پہنچ سکیں گے۔

مشکل یہ ہے کہ جو لوگ اخوان المسلمون کے سے نظریات رکھتے ہیں۔ اور ان کو سراسر حق پر سمجھتے ہیں۔ وہ دوسرے رخ پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں۔ بلکہ یہ چاہتے ہیں۔ کہ جو لوگ صحیح نقطۂ نظر سے ان باتوں پر غور کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ انہیں طرح طرح کے نام دے کر بدنام کیا جائے۔ اور ان کے خلاف منافرت پھیلائی جائے۔ وہ انہیں مغرب زدہ اور ایسے ہی دوسرے نام دیتے ہیں۔ اور ظاہر کرتے ہیں۔ کہ وہ ایسے لوگ اسلام کے سخت دشمن ہیں۔ اور نہیں چاہتے کہ اسلام دنیا پر غالب آئے۔ یہی نہیں بلکہ وہ علی الاعلان پاکستان کے برسر اقتدار مسلمانوں کو مسلمان ہی نہیں سمجھتے اور نہ صرف موجودہ حکومت مصر کے ارکان کو فراعنہ مصر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ بلکہ تمام اسلامی ممالک کی حکومتوں کے ارکان کو جن میں پاکستان بھی شامل ہے۔ ملحد اور دین سے عاری بتاتے ہیں اور اس طرح ملک میں دیندار مسلمان اور مغرب زدہ مسلمانوں کے دو متحارب گروہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جن سے یقیناً جماعتی نزاع پیدا ہو کر ملک میں انتشار اور تفریق و تشتت کی فضا رونما ہوتی ہے۔

یہ عجیب بات ہے کہ یہ انتشار پسند لوگ خود تو جمہوریت اور اسلام کے علمبردار بنتے ہیں۔ اور جو ذرا ان سے اختلاف رائے رکھے۔ اس کو مغرب زدہ آزادی کا دشمن اور جمہوریت کا منکر ہی نہیں۔ بلکہ ملحد۔ زندیق اور فرعون و نمرود تک کے القاب دینے سے بھی نہیں چوکتے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ تمام ان اسلامی ممالک میں جو حال ہی میں مغربی ممالک کے جوا سے آزاد ہوئے ہیں۔ ان کو اس جوا سے نکالنے کے لئے جدوجہد کرنے والے مسلمان وہی ہیں جن کو یہ متعصب اور کوتاہ بین لوگ مسلمان بھی تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں۔

دور جانے کی ضرورت نہیں۔ پاکستان کن لوگوں کی جدوجہد سے معرض وجود میں آیا ہے؟ وہ کونسی شخصیت تھی جس نے مسلمانوں کے لئے انگریز اور ہندو سے جنگ آزادی لڑی؟ کیا وہ مرحوم قائد اعظم اور اس کے ساتھی نہیں تھے؟ ہم پوچھتے ہیں کہ قائد اعظم مرحوم مولوی تھے یا جو لوگ ان کے دوش بدوش اس معرکہ میں جان کی بازی لگائے ہوئے تھے۔ کیا وہ اسلامی جماعت کے ارکان اس کے متفقین یا اس کے ہمدردان میں سے تھے؟ آخر بتایا جائے کہ مسلمانوں کی اس سب سے بڑی ریاست کے بانی کون تھے؟ انہوں نے یہ جدوجہد کیوں کی تھی؟ کیا ان کے پیش نظر مسلمانوں کی رستگاری نہیں تھی؟ اور یہ لوگ جو آج انہیں مغرب زدہ اور جانے کیا کیا نام دے کر ہانک دینا چاہتے ہیں۔ اور ان کو اور ان کے ہم خیالوں کو طعن و تشنیع کا نشانہ بناتے نہیں تھکتے۔ وہ جنگ آزادی کے دوران میں کس طرف تھے؟ کہاں تھے؟ کیا انہیں اپنی سرگرمیاں بھول گئی ہیں؟ کیا انہیں اپنے نعرے فراموش ہو گئے ہیں؟ کیا ان کی وہ تحریریں جن میں وہ پاکستان کو ناپاکستان کہتے تھے۔ اور جنت الحمقا بتاتے تھے مٹ گئی ہیں؟ اگر وہ بھول گئے ہیں تو انہیں یاد رکھنا چاہیئے کہ عوام نہیں بھولے عوام کو ان کے نعرے اب تک یاد ہیں وہ تحریریں ابھی تک موجود ہیں۔ ہر کوئی ان کو پڑھ سکتا ہے۔ اور ان کے ماضی کی داستان معلوم کر سکتا ہے۔

پھر کیا یہ حیرانی نہیں کہ آج یہ لوگ تو اسلام کے اجارہ دار اور پاکستان میں جمہوری قدروں کے نگہبان اور اسلامی ممالک میں اسلام کے محافظ بنتے ہیں۔ مگر جب پاکستان کے لئے آزادی کی جنگ لڑی جا رہی تھی۔ تو یہ مخالف صفوں میں ان لوگوں کا مقابلہ کر رہے تھے۔ جو میدان جنگ میں نکلکر مسلمانوں کے لئے ایک آزاد وطن کے لئے اپنا مال اپنی جان اور اپنا سب کچھ نثر کر رہے تھے۔ کیا یہ حیرانی نہیں ہے۔ کہ آج یہ لوگ ان کو مغرب زدہ ہی نہیں۔ بلکہ اس سے بھی سخت نام دے رہے ہیں۔ انہیں مسلمان ہی نہیں بلکہ دشمن اسلام بتا رہے ہیں۔ ان لوگوں کو جنہوں نے مسلمانوں کے لئے الگ ایک خطۂ ارضی حاصل کیا۔ ایک وطن بنایا جس میں انہیں بدنام کرنے والوں نے آ کر پناہ لی۔

کیا یہ حیرت نہیں کہ جن لوگوں نے مسلمانوں کے لئے آزاد وطن حاصل کرنے کے لئے واقعی قربانیاں دیں ان کو کہا جائے کہ وہ اسلام کے دشمن ہیں۔ وہ اخوان المسلمون کے زعما کے پھانسی پانے سے گھروں میں شادیانے بجا رہے ہیں۔ آخر یہ کیا مسلمانی ہے؟

کہا جاتا ہے کہ اخوان المسلمون کے انجام پر مغرب زدہ اور قادیانی خوش ہیں۔ اس کا جواب ہم سوائے اس کے کیا دے سکتے ہیں۔ کہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ یہ لوگ مغرب زدہ ان کو کہتے ہیں جنہوں نے پاکستان بنایا۔ اور قادیانی احمدیوں کو اور ان تمام لوگوں کو کہتے ہیں۔ جو احمدیوں کے خلاف ان کی طرح کینہ اور تعصب نہیں رکھتے۔ اور ذرا ذرا سے اختلاف رائے پر ارتداد اور واجب القتل کا فتوے نہیں دیتے۔ جو ان کی طرح اسلام کو ایک خوانِ آشام دین نہیں مانتے۔ یہ لوگ ہیں جو ان کی نظر میں مغرب زدہ ہیں قادیانی ہیں جو کہتے ہیں کہ اشاعت دین کے لئے پہلے تیلہ رانی کرنے کا نظریہ خلاف اسلام ہے۔ جو کہتے ہیں کہ کسی انسانی عدالت کو یہ حق نہیں۔ کہ کسی شخص پر یا جماعت کو اس دین سے مرتد قرار دے جس دین کا وہ دعویدار ہے۔ جو کہتے ہیں کہ کسی حکومت کے فرائض میں یہ داخل نہیں۔ کہ وہ کسی فرد یا جماعت کے مسلم یا غیر مسلم ہونے کا فیصلہ کرے۔

ان کے نزدیک ایسے لوگ مغرب زدہ ہیں یا قادیانی ہیں؟ اس لئے وہ اخوان المسلمون کے زعما کی سزاؤں پر خوش ہیں۔ تعجب ہے جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ مصر کے واقعات سے عبرت حاصل کرو۔ وہ لوگ ان کے نزدیک گردن زدنی ہیں۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں کو خواہ وہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ سیاسی لحاظ سے یکساں مسلمان سمجھا جائے۔ اور سیاست میں مصالحانہ اور غیر مصالحانہ فرقہ بندیوں کو دخل نہ کرو۔ اس سے ملک و قوم کی سالمیت کو نقصان پہنچتا ہے۔ وہ ان کے نزدیک دشمن اسلام ہیں۔ اور وہ خود جو اسلام کے نام پر پارٹیاں بنا کر ملک و قوم میں انتشار پھیلاتے ہیں۔ عوام کو مسلمان حکومت کے خلاف ابھارتے ہیں۔ مسلمانوں میں باہم منافرت پیدا کرتے ہیں وہ پکے مسلمان ہیں

ہم آخر میں کہتے ہیں کہ جب تک اسلامی ممالک اپنے اپنے ملک میں ایسی جماعتوں کو جو اسلام کے نام پر عوام کو گمراہ کر کے انہیں مسلمانوں کی حکومتوں کے ارکان کے خلاف بھڑکاتی ہیں۔ جو جماعت بندیاں اسلام میں ممنوع ہیں۔ جب تک ایسی جماعتیں قانوناً ممنوع نہ قرار دیں گے۔ ہر اسلامی ملک میں ایسے واقعات ہوتے رہیں گے۔ جیسے کہ آج مصر میں ظہور پذیر ہو رہے ہیں۔ اور مسلمان مسلمان کے خون کا پیاسا بنا رہے گا۔ چاہیئے کہ ہر اسلامی ملک میں ایسا قانون بنایا جائے۔ کہ کوئی جماعت اسلام کے نام پر سیاست میں حصہ نہیں لے سکتی۔ ورنہ اسلامی ممالک میں کبھی اندرونی امن قائم نہیں ہو سکتا۔

طلبا جامعۃ المبشرین کا سالانہ جلسہ

نظارت دعوۃ و تبلیغ کی اجازت سے مورخہ ۲۷/۲۸ دسمبر کی درمیانی شب کو جلسہ گاہ میں طلبا جامعۃ المبشرین کا ایک جلسہ قرار پایا ہے اس جلسہ کی صدارت محترم جناب مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعت ہائے احمدیہ صوبہ پنجاب فرمائیں گے۔ اس جلسہ میں جامعۃ المبشرین کے طلبہ میں سے مولوی محمد احمد صاحب مختار۔ مولوی کمال یوسف صاحب فاضل۔ مولوی احمد صادق صاحب بنگالی اور مولوی محمد اشرف صاحب گجراتی مختلف مضامین پر تقاریر کریں گے۔ علاوہ ازیں جامعۃ المبشرین کے تعارف کے طور پر خاکسار بھی چند معروضات پیش کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفصل پروگرام علیحدہ شائع ہوگا۔ (ابو العطاء جالندھری پرنسپل جامعہ احمدیہ)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل اطاعت کی اہمیت

(۴)

(از مکرم ڈاکٹر قاضی محمد بشیر صاحب بی۔ اے کوروال ضلع سیالکوٹ)

دنیا میں اکثر مثالیں پائی جاتی ہیں۔ جن میں یہ مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ کہ ایک انسان یا ایک قوم گوشۂ گمنامی سے اٹھی۔ اور بام عروج تک پہنچی۔ اور بام عروج تک پہنچتے ہی اس میں ظلم تعدی۔ مخالفین سے انتقام کی روح کام کرنے لگی۔ یہاں تک کہ انہوں نے لوگوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا۔

لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں ہم نے ایک عجیب نظارہ دیکھا ہے۔

تیرہ سالہ مکی زندگی میں آپ نے ایسے اخلاق حسنہ دکھائے۔ جو ایک راستباز انسان کے لئے ضروری اور لابدی ہیں۔ جب مشکلات آئیں۔ آپ ثابت قدم رہے۔ آپ نے جملہ تکالیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔ آپ کی انتہائی مخالفت ہوئی۔ لیکن آپ نے ہمیشہ ہمت و استقلال سے کام لیا۔ اور اس مقصد حقیقی کے حصول میں انتہائی دلچسپی لیتے رہے۔ لیکن فتح کے زمانہ میں بھی آپ نے انتہائی اعلیٰ اور بے مثال اوصاف کا اظہار کیا۔ اور جب طاقت آپ کے ہاتھ میں تھی۔ اور اہل مکہ مجرموں کی شکل میں آپ کے حضور پیش ہوئے۔ آپ نے انہیں لاتثریب علیکم الیوم کہہ کر معاف فرما دیا۔ اور طاقت و قوت ہوتے ہوئے ان سے کوئی انتقام نہ لیا۔ اور غیروں سے ہمدردانہ برتاؤ۔ نیک سلوک اور سخاوت کو جاری رکھا۔

جب کمزور اور ضعیف تھے۔ تو طاقتوروں کے ظلم سہے۔ ان کی شدید سے شدید تکالیف برداشت کیں۔ لیکن اپنے فرض تبلیغ سے غافل نہ ہوئے۔ اپنے مقصد کے حصول کا انہیں پورا پورا یقین تھا۔ وہ ان تمام مظالم اور سختیوں سے بے پرواہ ہو کر اپنے فرائض کو سرانجام دیتے رہے۔ یہ اسوہ رہتی دنیا تک آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ ہے۔ اور قوموں کی زندگی کا سنہرا اصول۔

آج جو بھی اس اصول کو اپنائے گا۔ جو بھی نیک مقصد لے کر اٹھے گا۔ جس میں اس کے نفس کی ملونی شامل نہ ہو۔ بلکہ اصلاح خلق کا نیک مقصد ہو۔ اور وہ اس اسوۂ حسنہ پر عمل کرے۔ اور تکالیف اور ظلم سہے۔ اور اف نہ کرے۔ اور اپنے مخالفین کو بھی دعائیں دے۔ وہ یقیناً کامیابی کے مراحل طے کرے گا۔ یہ نظارہ اتنا دلآویز تھا۔ جس نے یورپین لوگوں کو بھی متاثر کیا۔ چنانچہ سر ولیم میور لکھتا ہے "ان ایام میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنی ... سامنے اس طرح سینہ سپر تھا۔ کہ انہیں بعض اوقات حرکت کی تاب نہیں ہوتی تھی۔ اپنی بالآخر فتح کے یقین سے معمور مگر بظاہر بے بس اور بے یار و مددگار۔ وہ اور اس کا چھوٹا گروہ اس زمانہ میں گویا ایک شیر کے منہ میں تھے۔ مگر اس خدا کی نصرت کے وعدوں پر کامل اعتماد رکھتے ہوئے جس نے اسے رسول بنا کر بھیجا تھا۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک ایسے عزم کے ساتھ اپنی جگہ پر کھڑا تھا۔ جسے کوئی چیز اپنی جگہ سے ہلا نہیں سکتی تھی۔ یہ نظارہ ایک ایسا شاندار منظر پیش کرتا ہے۔ جس کی مثال سوائے اسرائیل کی اس حالت کے اور کہیں نظر نہیں آتی۔ کہ جب اس نے مصائب آلام میں گھر کر خدا کے سامنے یہ الفاظ کہے تھے۔ کہ اے میرے آقا اب تو میں ہاں صرف میں ہی اکیلا رہ گیا ہوں۔ نہیں بلکہ محمد (صلعم) کا یہ نظارہ اسرائیلی نبیوں سے بھی ایک رنگ میں بڑھ کر تھا ...... محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے یہ الفاظ اس موقعہ پر کہے گئے تھے۔ کہ اے میری قوم کے صنادید۔ تم نے جو کچھ کرنا ہو۔ کر لو۔ میں بھی کسی امید پر کھڑا ہوں۔" (ماخوذ از سیرت خاتم النبیین حصہ اول ص ۲۹۳ مصنفہ حضرت میرزا بشیر احمد صاحب ایم۔ اے)

یہ کارکردگی کی جرأت اور یہ عزم و استقلال آپ کی حیثیت عالیہ کو ایک منفردانہ حیثیت دے دیتا ہے۔ اور آج اتباع رسول میں اس نمونہ پر چلنے والی جماعت ایک نہ ایک دن ضرور کامیابی کے مراحل طے کرے گی۔ اور اس منزل مقصود کو پا لیگی۔ جس کے لئے وہ کھڑی ہوئی ہے۔ کیونکہ یہی وہ اسوۂ حسنہ ہے۔ جو آج قوموں کی زندگی و بقا کے لئے اپنایا جا سکتا ہے۔ ہزار ہزار درود ہوں اس آقائے مدنی پر جو ہمارے لئے ہر رنگ میں اسوۂ حسنہ بنا کر بھیجا گیا۔

کہا جا سکتا ہے۔ کہ باقی انبیاء بھی تو آخر قوموں کے لئے اسوۂ حسنہ کے طور پر ہی ہیں۔ اور ان کے نمونے اور ان کی تقلید اور ان کی اطاعت آج کیوں موجب نجات نہیں۔ اور کیوں یہ تخصیص کی جائے۔ کہ آج دین نجات محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی غلامی اور حضورؐ کی اطاعت اور آپ کی ہی سچی اطاعت سے حاصل ہو سکتا ہے۔ تو جواب اس امر کا یہ ہے۔

(۱) کہ کسی پہلے نبی کو یہ دعویٰ نہیں ہے۔ کہ وہ ساری دنیا کی طرف ہادی و رہنما بنا کر بھیجا گیا۔ نہ وہ ساری خلق خدا کی طرف مبعوث ہوئے۔ نہ ان کا کوئی ایسا دعویٰ موجود ہے۔ وہ مخصوص اقوام کے نبی تھے۔ ان کا دائرۂ عمل محدود تھا۔ ان کا زمانۂ نبوت محدود تھا۔ مسیح ناصری ۴ اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کو اکٹھا کرنے آئے تھے۔ اور انہوں نے اپنے آپ کو صرف رسولاً الی بنی اسرائیل کی حیثیت سے ہی پیش کیا۔ لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام ان انبیاءؑ سے بہت ارفع و بالا ہے۔ آپؐ کا دائرۂ عمل بہت وسیع تھا۔ آپ تمام بنی نوع انسان کے لئے رسول تھے۔ آپ تمام مخلوق کے لئے رسول تھے۔ اور آپ کا زمانۂ نبوت قیامت تک ممتد ہے۔ یہ دعوتِ عام کا شرف صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کے لئے ازل سے وقف تھا۔ اللہ تعالےٰ نے بایں الفاظ اس منصب عالیہ کا اظہار فرمایا ہے۔

قل یا ایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعًا۔ (سورہ اعراف ع ۲۰)

یعنی اے میرے رسول لوگوں سے کہہ کہ میں اللہ تعالیٰ کا ایسا رسول ہوں۔ جو ساری دنیا کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

چونکہ آپؐ ہی ایک منفرد رسول ہیں جو ساری دنیا کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے۔ اس لئے آج خلقِ خدا کے لئے اگر کوئی اسوہ حسنہ قابل تقلید ہے۔ اور ہو سکتا ہے۔ تو صرف حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہی۔

(۲) دوسرا جواب اس امر کا یہ ہے۔ کہ صرف اور صرف دنیا کے لئے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسوہ ہی قابل تقلید ہے۔ جس کے اسوۂ حسنہ کی اطاعت کی تلقین کی جائے ضروری ہے۔ کہ اس کی زندگی کے حالات اس کے اخلاق اور عادات کی ایک مفصل درست بلا ریب تاریخ منضبط ہو۔ اس کے واقعات اور حالات کا صحیح نقشہ ہمارے سامنے ہو۔ تا ہم اس اسوہ پر عمل کر سکیں۔ اور ہمارا یہ دعویٰ ہے۔ کہ دنیا میں آج صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہی یہ خصوصیت حاصل ہے۔ کہ آپ کے حالات اتنے صحیح رنگ میں اور آپ کی سوانح عمری اتنے درست رنگ میں موجود ہے۔ کہ کسی نبی کی امت یہ دعویٰ نہیں کر سکتی۔ اس حیثیت سے بھی رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم باقی انبیاءؑ سے ایک امتیازی شان رکھتے ہیں۔

قرآن مجید رفتہ رفتہ تیئیس سال میں نازل ہوا۔ اور قرآن مجید سے آپ کی نبوت کے ہر پہلو پر روشنی پڑتی ہے۔ قرآن مجید کے اس نزول میں آپ کی روزمرہ زندگی کے حالات مندرج و منضبط ہوتے چلے گئے۔ اور آپ کے اخلاق کا ضابطہ مکمل ہوتا گیا۔ اور یہ وہ مقام ہے جو دنیا میں کسی اور نبی کو حاصل نہیں۔ قرآن مجید ایک مسلمہ غیر محرف و غیر متبدل کتاب ہے۔ اور اس میں آپ کی روزمرہ زندگی کے حالات کا اور حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کا ایسا ذکر جو حضور کی نبوت کے تمام پہلو سامنے لائے۔ موجود ہونا اس امر کا یقینی ثبوت ہے۔ کہ صرف آپؐ کی ذات ہی اس قابل ہے۔ کہ جس کے اسوۂ حسنہ پر دنیا کو عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ وہ سب حقیقتیں ہیں۔ جو شبہ و شک سے بالاتر ہیں۔ گویا سیرتِ رسولؐ قرآن مجید میں آجاتی ہے۔ جیسا کہ حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا تھا۔ کان خلقہ القرآن (صحیح مسلم) کہ آپ کا خُلق قرآن مجید ہے۔

پس یہ منفردانہ حیثیت اور یہ مقام کسی اور نبی کو حاصل نہیں۔ اور یہ صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہی مقام ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ نے ان کے متعلق فرمایا۔

انک لعلیٰ خلق عظیم

پس اللہ تعالےٰ کے بعد اگر کوئی وجود سچی متابعت کے لائق ہیں۔ تو وہ اب آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی ہیں۔ اور اسی لئے آج انہی کے اوامر و نواہی پر عمل ذریعۂ نجات ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وما اتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا واتقوا اللہ۔ ان اللہ شدید العقاب۔ (الحشر ع ۱)

کہ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تمہیں جو دیں وہ لے لو۔ اور جس چیز سے وہ تمہیں منع کریں۔ اس سے باز رہو۔ اور اللہ تعالےٰ کا تقویٰ اختیار کرو۔ یقیناً اللہ تعالےٰ سزا کے معاملہ میں بہت سخت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا یہ احسانِ عظیم ہے۔ کہ اس نے پہلے ایک رسول بھیجا۔ جسے ہمارے لئے رہبر کامل بنایا۔ اور ایسے سامان کئے کہ اس کی سیرت کا کوئی پہلو مخفی اور پوشیدہ نہ رہے۔ اور پھر اسے یہ مقام تفویض کیا۔ کہ اب انسان سے مطالبہ کیا جاتا ہے۔ کہ اب حضرت محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو اپنا لیا جائے۔ اسے دستور العمل بنا لیا جائے۔ اور جس بات سے وہ روکیں۔ اس سے باز آجائیں۔ اور تقویٰ یہی ہے۔ اگر یہ امر اختیار نہ کیا گیا۔ تو اللہ تعالےٰ کی بازپرس نہایت سخت ہوگی۔

پس امور مندرجہ بالا سے یہ اظہر من الشمس ہے۔ کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عالی مقام اپنے اندر خود ایسی شان رکھتا ہے۔ کہ آپ ہی خُلقِ عظیم کے مالک ہیں۔ اور آپ ہی رہبرِ کامل ہیں۔ جن کا اسوۂ حسنہ آج مدارِ نجات ہے۔ اور آپ کے احکام کی پیروی کا حکم خود باری تعالےٰ نے دیا ہے۔ اور آپ جن امور سے روکیں۔ ان سے رک جانے کا حکم خدا تعالےٰ کا حکم ہے۔ پس آپ کے اوامر و نواہی کی پیروی آپ کی پیروی نہیں بلکہ خود اللہ تعالیٰ کے احکام کی پیروی ہے۔ تبھی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

من اطاعنی فقد اطاع اللہ ومن عصانی فقد عصا اللہ۔ کہ جس نے میری پیروی کی۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی پیروی کی۔ اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ پس مبارک ہے وہ جو اس اسوۂ حسنہ سے فائدہ اٹھائے اور اپنی زندگی کو اس سانچے میں ڈھالے

(باقی)

فہرست قافلہ قادیان ۱۹۵۴ء

از مکرم مرزا عزیز احمد صاحب ایم۔اے انچارج حفاظت مرکز ربوہ

اس سال بھی حسب دستور سابق انشاء اللہ دسمبر کے آخری ہفتہ میں دو سو افراد پر مشتمل ایک قافلہ قادیان جا رہا ہے۔ جس کی منظوری گورنمنٹ کی طرف سے آچکی ہے۔ اس قافلہ کے امیر مکرم چوہدری محمد اسد اللہ خان صاحب بار ایٹ لاء کوٹھی نمبر ۱۱ کینال پارک لاہور مقرر ہوئے ہیں۔ اصحاب قافلہ کی فہرست ذیل میں بغرض اطلاع درج کی جاتی ہے۔ اور ضروری ہدایات احباب کی خدمت میں انفرادی طور پر براہ راست بھجوائی جا رہی ہیں۔ تمام اصحاب کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ ۲۴ دسمبر کی سہ پہر سے قبل جودھامل بلڈنگ لاہور میں ضرور پہنچ جائیں

خاکسار مرزا عزیز احمد انچارج حفاظت مرکز ربوہ ۱۱/۱۲/۵۴

(۱) امینہ بی بی صاحبہ بنت حسین بخش صاحب چک ۸۸ لائل پور
(۲) امۃ الحفیظ صاحبہ بنت چوہدری اسد اللہ خان صاحب ایڈووکیٹ لاہور
(۳) چوہدری اسد اللہ خان صاحب ایڈووکیٹ امیر قافلہ ۱۱ کنال پارک لاہور
(۴) آمنہ بیگم صاحبہ بنت شہاب الدین صاحب مرحوم میناپور سیالکوٹ
(۵) آمنہ بیگم صاحبہ بیوہ ڈاکٹر محمد اشرف صاحب مرحوم معرفت پروفیسر محمد افضل صاحب انصار گلی منٹگمری
(۶) ابو المنیر مولوی نور الحق صاحب ولد منشی عبد الحق صاحب کاتب محلہ دار الصدر ربوہ
(۷) منیر الحق پسر مولوی نور الحق صاحب
(۸) امۃ القیوم صاحبہ بنت ڈاکٹر بشیر احمد صاحب درویش معرفت محمد احمد صاحب تعلیم الاسلام کالج ربوہ
(۹) امۃ البشیر بیگم صاحبہ زوجہ ڈاکٹر عبد المغنی صاحب راولپنڈی
(۱۰) ڈاکٹر اقبال احمد خانصاحب مظفر گڑھ
(۱۱) امۃ الرشید صاحبہ بنت عبد الرحیم صاحب درویش دار الرحمت ربوہ
(۱۲) آمنہ بیگم صاحبہ زوجہ " "
(۱۳) عبد السلام پسر " "
